# معاشیات-9th(2011ء)

نوٹ: اس پرچہ کی تین سیکشنز ہیں۔ احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ سیکشن۔الف کے تمام سوالات حل کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔ درست جواب کا انتخاب کر کے جوابی خانہ میں صرف الف، ب، ج یا د جو بھی موزوں ہو لکھیں۔

وقت: 20 منٹ سیکشن۔الف کل نمبر: 15

1. مارشل نے معاشیات کے اصول نامی کتاب ............ میں لکھی۔
(الف) 1870 (ب) 1880 (ج) 1890 (د) 1875

2. معاشیات ایسا علم ہے جو پیدائش دولت، صرف دولت، تقسیم دولت اور ............ دولت پر بحث کرتا ہے۔
(الف) فراوانی (ب) کمی (ج) تبادلہ (د) کوئی نہیں

3. طلب سے مراد شے کی وہ مقدار ہے جسے خریدار ............ قیمتوں پر خریدنے کیلئے رضامند ہوں۔
(الف) مختلف (ب) کم (ج) زیادہ (د) مناسب

4. اگر کسی شے کا افادہ ہوگا تو ............ بھی ہوگی۔
(الف) دستیاب (ب) نایاب (ج) قدر (د) اچھی

5. اگر کسی شے کی قیمت گر جاتی ہے تو اُس شے کی مقدار طلب ............
(الف) گر جاتی ہے۔ (ب) یکساں رہتی ہے (ج) بڑھ جاتی ہے (د) یہ تمام

6. اگر شے کی قیمت میں معمولی تبدیلی سے اس کی رسد میں بڑی تبدیلی آئے تو شے کی رسد ............ لچدار ہوتی ہے۔ (الف) زیادہ (ب) کم (ج) غیر (د) مکمل

7. طلب کے خط کا رجحان ہوتا ہے۔
(الف) افقی (ب) عمودی (ج) نیچے سے اوپر (د) اوپر سے نیچے دائیں

8. توازن کا مطلب ہے۔
(الف) ناممکن حالت (ب) ایسی حالت جو تبدیل نہیں ہو سکے (ج) ممکن (د) غیر مستقل کیفیت

9. عام طور پر منڈی سے مراد وہ خاص جگہ ہے جہاں اشیاء ............ ہے۔
(الف) کا تبادلہ ہوتا (ب) کی خرید و فروخت ہوتی (ج) کا ذخیرہ کیا جاتا (د) کی تقسیم ہوتی

10. مکمل منڈی میں ............ کا اصول کارفرما ہوتا ہے۔
(الف) ایک ہی قیمت (ب) مختلف قیمتوں (ج) کم قیمت (د) زیادہ قیمت

11. کسی شخص کی دولت کا وہ حصہ جس سے مزید آمدنی حاصل کی جائے ............ کہلاتا ہے۔
(الف) صنعت (ب) بچت (ج) منافع (د) سرمایہ

12. مقابلے کے لحاظ سے منڈی کی ............ قسمیں ہوتی ہیں۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

13. پاکستان میں فی کس آمدنی تقریباً ............ ڈالر ہے۔
(الف) 234 (ب) 925 (ج) 687 (د) 435

14. ملکی پیداوار میں زراعت کا حصہ ............ فیصد ہے۔
(الف) 20.9 (ب) 35 (ج) 65 (د) 70

15. پاکستان میں مزدوروں کی پیداواری صلاحیت ............ ہے۔
(الف) کم (ب) زیادہ (ج) متوازن (د) نہیں

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ سیکشن۔ب کل نمبر: 36

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. آدم سمتھ کے الفاظ میں معاشیات کی تعریف کریں۔
ii. دولت کی چار اقسام بیان کریں۔
iii. قانون طلب سے کیا مراد ہے؟
iv. رسد سے کیا مراد ہے؟
v. منڈی کے توازن پر نوٹ لکھیں۔
vi. سرمایہ سے کیا مراد ہے؟
vii. محنت کی تعریف کریں۔
viii. افزائش آبادی کی تین وجوہات بیان کریں۔
ix. قلیل عرصے کی منڈی سے کیا مراد ہے؟
x. توازن سے کیا مراد ہے؟
xi. نعم البدل اشیاء سے کیا مراد ہے؟
xii. افادہ سے کیا مراد ہے؟

سیکشن۔ج

کل نمبر: 24

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

2. پاکستان میں کم فی کس آمدنی کی وجوہات کریں۔

3. قانون طلب کی تعریف کریں نیز گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے اس کی وضاحت کریں۔

4. کونسے عوامل مقدار رسد کو تبدیل کرتے ہیں؟

5. پاکستان کی صنعتی پسماندگی کی وجوہات تحریر کریں۔

☆☆☆

www.ilmkidunya.com